


نبی (ص) وقت رحلت صحابہ سے ناراض تھے

تحریر: سید ابوھشام نجفی

WWW.SHIAFAITH.ORG

بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على خير خلقه وأفضل بريته محمد وعترته الطاهرين، واللعن الدائم على أعدائهم أجمعين إلى يوم الدين-

بخاری میں توہین صحابہ

نبی کریم (ص) وقت رحلت صحابہ سے ناراض تھے-

تحریر: سید ابو ہشام نجفی

SHIAFAITH.ORG

نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی ناراضگی در حقیقت اللہ سبحانہ تعالی کی ناراضگی ہے ،اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کو ناراض کرنے والا شخص جہنمی ہوتا ہے۔ مگر بخاری نے اس موقع پر حسب عادت پردہ داری کی رسم کو باقی نہ رکھا بلکہ عمر کی زبانی مہاجرین کی بڑی تعداد کو دبی زبان میں جہنمی ثابت کر دیا، چنانچہ عمر نے اپنے مرنے سے پہلے یہ راض بھی فاش کر دیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم دینا سے جاتے وقت مہاجرین میں سے فقط حضرت علی، عثمان، زبیر، طلحہ سعد بن ابی وقاص اور عبدالرحمن بن عوف سے راضی تھے (البتہ دیگر روایات میں عمر نے امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہما السلام کو چھوڑ کر سب میں عیب نکالے)

بخاری لکھتا ہے:

فَقَالُوا : أَوْصِ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اسْتَخْلِفْ ، قَالَ : مَا أَجِدُ أُحَدًا أَحَقَّ بِهَذَا الْأَمْرِ مِنْ هَؤُلَاءِ النَّفَرِ أَوِ الرَّهْطِ الَّذِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ فَسَمَّى عَلِيًّا ,

وَعُثْمَانَ , وَالزُّبَيْرَ , وَطَلْحَةَ , وَسَعْدًا , وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ

پھر لوگوں نے عرض کیا امیرالمؤمنین! خلافت کے لیے کوئی وصیت کر دیجئیے، فرمایا کہ خلافت کا میں ان حضرات سے زیادہ اور کسی کو مستحق نہیں پاتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی وفات تک جن سے راضی اور خوش تھے پھر آپ نے علی، عثمان، زبیر، طلحہ، سعد اور عبدالرحمٰن بن عوف کا نام لیا۔

[صحيح البخاري،كِتَاب فَضَائِلِ الصحابة،8 بَابُ قِصَّةُ الْبَيْعَةِ، وَالاتِّفَاقُ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ،حديث 3700]

https://hamariweb.com/islam/hadith/sahih-bukhari-3700

سوال یہ کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم دیگر صحابہ سے بھی راضی تھے تو عمر نے ان کے نام کیوں نہیں لئے؟

کیا سبب تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اخلاق حمیدہ کے بعد بھی صحابہ سے اس قدر ناراض تھے کہ دنیا سے رخصت ہوتے ہوئے بھی ان سے راضی نہ ہوئے؟

آخر صحابہ کے وہ کون سے سنگین جرائم تھے جو اس ناراضگی کا سبب بنے؟

امید ہے ناصبی جواب دیں گے۔